BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

18 دسمبر 2018

بلیو پاء پروگرام پالتو جانوروں کے لائسنس یافتہ مالکان کو برامپٹن میں پیسے بچانے کے قابل بناتا ہے

برامپٹن، آن – اگر آپ برامپٹن میں کسی پالتو جانور کے مالک ہیں، تو اپنے کتے یا بلی کا لائسنس بنوانے کی ایک بہت اچھی وجہ موجود ہے – بہت آسان، اگر آپ کا پالتو جانور گم ہو جائے، تو یہ اس کو گھر پہنچانے کا بہترین طریقہ ہے۔

اب، آپ کے پالتو جانور کا لائسنس آپ کو خریداری کرتے ہوئے بچت بھی دے سکتا ہے۔

برامپٹن ایینیمل سروس نے آج بلیو پاء پروگرام متعارف کروایا، جو انعامات کا ایک پروگرام ہے، جو لائسنس یافتہ پالتو جانوروں کے مالکان کو شراکت دار مقامی کاروباروں سے خصوصی ڈیلز کی پیشکش کرتا ہے۔ جب رہائشی سٹی آف برامپٹن سے اپنے کتے یا بلی کا لائسنس حاصل کرتے ہیں، تو وہ خود بخود اس پروگرام میں داخل ہو جاتے ہیں اور انہیں ایک خصوصی کی ٹیگ مل جاتا ہے۔ شراکت دار کاروباروں پر خریداری کرتے ہوئے، ممبرز کو بچت حاصل کرنے کے لیے ادائیگی سے پہلے صرف اپنا ٹیگ دکھانے کی ضرورت ہے۔

بلیو پاء پروگرام پہلی بار سٹی آف ٹورانٹو میں 2014 میں متعارف کروایا گیا تھا اور برامپٹن اس پروگرام کا پہلا شراکت دار شہر ہے۔ برامپٹن کے شہری ٹورانٹو کے کاروباری ممبرز کی جانب سے پیشکشوں کے لیے بھی اہل ہیں، جو www.toronto.ca/bluepaw پر درج شدہ ہیں۔

لائسنس کی فیسیں آپ کے جانور (کتا یا بلی) اور یہ کہ آیا جانور کو خصی/مخث کیا گیا ہے یا نہیں اور مائیکرو چپ لگائی گئی ہے، کی بنیاد پر سالانہ $5 سے $40 تک ہوتی ہیں۔ پالتو جانوروں کے 55 سال یا زیادہ عمر والے مالکان کے لیے سینیئر ریٹس بھی ہیں۔ لائسنس کی فیسوں سے حاصل ہونے والی رقم اینیمل سروس کو ایسے جانوروں کی نگہداشت کرنے میں مدد دیتے ہیں، جو ہر روز شیلٹر میں آتے ہیں۔

لائسنسوں کی فراہمی اور بلیو پاء پروگرام کے متعلق مزید معلومات کے لیے، www.brampton.ca/animalservices ملاحظہ کریں۔

اقتباسات

"سٹی کے اندر تمام کتوں اور بلیوں کے لائسنس ضروری ہیں، مگر پالتو جانوروں کی بہت کم شرح ہی لائسنس یافتہ ہے۔ مجھے یہ دیکھتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ اینیمل سروسز برامپٹن کے پالتو جانوروں کے مالکان کو زیادہ قدر فراہم کرنے کے لیے مقامی کاروباروں کے ساتھ شراکت داری کر رہی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ یہ پروگرام زیادہ لوگوں کی اپنے بالوں والے دوستوں کے لائسنس حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گا اور ان کی حفاظت کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا۔"

- *میئر پیٹرک براؤن*

"ہو سکتا ہے کہ آپ سوچتے ہوں کہ آپ کا کتا بہت اچھی طرح تربیت یافتہ ہے، لہٰذا وہ آپ سے دور نہیں جائے گا یا یہ کہ آپ کی بلی آپ کو پتا چلے بغیر باہر نہیں جائے گی۔ لیکن ہر سال، برامپٹن ایینیمل سروسز کو گمشدہ پالتو جانوروں کے بارے میں سینکڑوں کالیں موصول ہوتی ہیں۔ تو پھر خطرہ کیوں اٹھائیں؟ ایک لائسنس یافتہ پالتو جانور محفوظ ہوتا ہے اور بلیو پاء پروگرام پالتو جانوروں کے ان مالکان کا شکریہ ادا کرنے کا ہمارا طریقہ ہے، جو ذمہ دارانہ فیصلہ کرتے ہیں۔"

- *امینڈا بیرٹ، سپروائزر، اینیمل سروسز*

برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔ ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
Monika.Duggal@brampton.ca 905-874-3426 |